الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جنوری کے آخری ہفتے میں انتخابات کے انعقاد پر پاکستان تحریک انصاف کا ردِ عمل

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے انتخاب کے انعقاد کی تاریخ کے اعلان کی بجائے مہینے کا تقرر باعثِ حیرت ہے، ترجمان تحریک انصاف

دستور الیکشن کمیشن کو اسمبلی کی تحلیل کے بعد 90 روز کی مدتِ مقررہ میں انتخابات کے انعقاد کا پابند بناتا ہے، ترجمان تحریک انصاف

الیکشن کمیشن جنوری کی کسی بھی تاریخ کا تعیّن کرے وہ 90 روزہ دستوری مدت سے باہر ہوگی، ترجمان تحریک انصاف

نوّے روز میں انتخابات کے انعقاد کا معاملہ سپریم کورٹ میں زیرِ سماعت ہے، ترجمان تحریک انصاف

سپریم کورٹ کی جانب سے معاملے کے حتمی فیصلے تک 90 روز سے باہر کسی بھی تاریخ کو قوم کیلئے قبول کرنا ممکن نہیں، ترجمان تحریک انصاف

الیکشن کمیشن صاف، شفاف اور غیرجانبدارانہ انتخابات کیلئے آئین کے تحت مطلوب ماحول قائم کرنے میں بھی ناکام ہے، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان کے انتخابی عمل کی سب سے بڑی فریق سیاسی جماعت تحریک انصاف کو بدترین ریاستی جبر کا نشانہ بنا کر انتخاب کی دوڑ سے باہر کرنے کیلئے ایڑھی چوٹی کا زور لگایا جارہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

دستور کی منشاء کے مطابق آزادانہ، منصفانہ اور غیرجانبدارانہ انتخاب ہی الیکشن کمیشن کے ذمے اور ملک و قوم کو بحرانوں سے نکالنے کی واحد سبیل ہے

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ